صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 08 اکتوبر 2013ء بمطابق 02 ذوالحجہ 1434 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ ءَاذَوْا مُوسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِندَ اللّٰهِ وَجِيهًاO يٰٓاَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًاO يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمٰلَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَمَن يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا۔

ترجمہ:۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ (ارشاد ہے) مومنو تم ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنھوں نے موسیٰ (کو عیب لگا کر) رنج پہنچایا تو خدا نے ان کو بے عیب ثابت کیا۔ اور وہ خدا کے نزدیک آبرو والے تھے۔ مومنو خدا سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کرو۔ وہ تمہارے اعمال درست کر دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور جو شخص خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک بڑی مراد پائے گا۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: مسماۃ ثوبیہ شاہد صاحبہ،ایم پی اے 7تا 8اکتوبر2013;جناب ضیاءالرحمان صاحب،ایم پی اے 08اکتوبر2013۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: Leave is granted.

جناب وجیہہ الزمان خان: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: کورم___ کورم کاانتظار کریں گے سر؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک دومنٹ کیلئے گھنٹی بجائی جائے جی، کورم پوراہو جائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔ مسٹر وجیہہ الزمان، پلیز۔

رسمی کارروائی

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا بڑامشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بات کرنے کاموقع دیا۔ جناب سپیکر! میں ایک بڑے افسوس کے ساتھ یہ بات، اس ایوان کی توجہ اس کی طرف مرکوز کرانا چاہتاہوں کہ آپ کی حکومت آئی اور بجٹ میں جو میری سپیچ تھی، وہ بھی اس حوالے سے آپ کو یاد ہو گی جب میں نے کہاکہ جس انصاف کے ایجنڈے پہ یہ گورنمنٹ آئی ہے، اگر یہ ہمیں انصاف مہیا کرتی رہی تو ان شاءاللہ ہم بھرپور سپورٹ کریں گے اوران کے خلاف کسی سازش کو جو ہے پھلنے پھولنے نہیں دیں گے لیکن کچھ عرصے کے بعد دیکھتے ہی دیکھتے ہمیں یہ احساس ہوناشروع ہوا، ناانصافیاں، عوام توخیر دور ہمارے ساتھ ناانصافیاں ہورہی ہیں جس میں چار ایشوزایسے آگئے ہیں کہ جو بار بار ایوان کے نوٹس میں آئے، واک آؤٹ بھی ہوا، ہمیں تسلیاں دلائی گئیں، امید دلائی گئی، اس کے بعد بات آہی گئی، ختم ہو گئی۔ اب ڈیڈک کا ایشو تھا، ساروں کے سامنے ہے، اس میں کچھ ناانصافیاں ہوئیں، مانسہرہ میں پانچ ایم پی ایز کی سیٹیں ہیں، پانچوں نے لکھ کر دیا کہ جی یہ ہمارا ڈیڈک کا Nominated member ہے، اس کو Bypass کرکے

پشاور سے Reserved seat پہ ایک خاتون کو، ہماری بہن کو لا کے بٹھایا گیا، اگر اتنا ضروری تھا تو انکو منسٹر بنا دیتے، ایڈوائزر بنا دیتے، کسی اور عہدے پہ لگا دیتے لیکن ہماری سیاست میں لا کے اس کو ایشو بنانے کی کیا ضرورت تھی؟ وہ بار بار کہنے کے باوجود جناب سپیکر، انصاف نہیں ملا۔ اس کے بعد ہمیں پولیس ڈیپارٹمنٹ نے ایک ڈی پی او صاحب دیا، جن کا نام ہے غفور آفریدی، وہ آئے علاقے میں اور انہوں نے چار پانچ مہینے میں ایسی کارکردگی کی کہ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ میں شاید ایک دو ہی اور ایسے آئے ہوں اور کوئی ایسا ڈی پی او ہمیں نہیں ملا۔ آج مانسہرہ میں اللہ کے فضل سے کتنے کریمنلز تھے انہوں نے گرفتاریاں دے دیں یا بھاگ گئے، چوریاں ختم ہو گئیں، ڈاکے ختم ہو گئے، قتل و غارت ختم ہو گئی، اتنا اچھا انہوں نے سٹینڈ کیا۔ اس کی سزا ان کو کیا ملی کہ ان کو اٹھا کے ڈی آئی خان ٹرانسفر کر دیا۔ میں نے آج آئی جی صاحب سے بات کی تو انہوں نے کہا جی یہ ڈیپارٹمنٹل ٹرانسفر ہے، میں نے کہا جی علاقے میں کریمنلز فائرنگ کر رہے ہیں، وہ تو خوشیاں منا رہے ہیں کہ ہم نے اس کو ٹرانسفر کروا دیا۔ تو اگر اچھے کام کا انصاف کے پلیٹ فارم پہ یہ ریوارڈ ملنا ہے تو میں سمجھتا ہوں پھر تو معاشرہ ٹھیک کبھی بھی نہیں ہو سکتا، اچھے کام کا ریوارڈ ہونا چاہیے، غلط کام کی سزا ہونی چاہیے اور ان کو وہاں سے اٹھایا جا رہا ہے اور آج میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ شنکیاری سے لیکر مانسہرہ تک صبح سے ٹریفک جام ہے، روڈز Closed ہیں اور انہوں نے کہا کہ جی، یہ ہم نے آج علامتی ہڑتال کیا، کل کے بعد ہم مکمل ہڑتال کریں گے۔ اب آئی جی صاحب نے کہا کہ جی اب یہ اس طرح لوگ سڑکوں پہ آ جائیں ہم فیصلے کریں؟ ہم اس کو نہیں مانیں گے۔ میں نے کہا جی، آپ کس کیلئے بیٹھے ہیں؟ عوام کیلئے بیٹھے ہیں، عوام کی ڈیمانڈ ہے، عوام مطمئن ہیں، عوام کو انصاف ملا ہے تو آپ کیوں یہ کر رہے ہیں؟ تو انہوں نے اچھے الفاظ میں کہا، حالانکہ میں آئی جی صاحب کی شکایت نہیں کر رہا کیونکہ وہ بھی ایک بڑی اچھی Reputation کے حامل ہیں، میں اس ایوان سے ان کو صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ عوام کی ایک ڈیمانڈ ہے، وہاں پہ امن ہے، آج اگر ان کو آپ ڈی آئی خان لے کر جاتے ہیں، موٹر وے سے ہم اترتے ہیں تو وہاں پہ چھ سات تصویریں لگی ہوئی ہیں، وہ تمام وہ لوگ تھے جو اس صوبے کے Asset تھے، ان کو ایسے حالات میں لے جا کے مارا گیا اور جو ڈی پی او ہمارے ہیں، ان کے ایک بھائی شہید بھی ہو چکے ہیں اس چیز میں، اگر ایک آدمی جرات کرتا ہے تو اس کو ایسے علاقے میں لے جانے کی کیا ضرورت ہے؟ میں سمجھتا ہوں جس

علاقے میں حالات خراب ہیں، وہاں ہم سیاسیوں کا بھی برابر کا قصور ہے، اگر ہم وہاں پہ Interference نہ کریں تو کبھی بھی حالات خراب نہیں ہو سکتے لیکن وہاں پہ اگر حالات خراب ہیں تو سیاسیوں کو Involve کیا جائے بیچ میں، اس میں صرف پولیس کو کیوں نشانہ بنایا جاتا ہے؟ تو جناب، اس کو Revisit کیا جائے، اس فیصلے کو۔ دوسرا ایک مسئلہ کہ ہمارے ڈی ایچ او صاحب، ہیلتھ، ان کے پاس آپ کے ایک سینیئر عہدیدار پی ٹی آئی کے گئے اور انہوں نے ایک آدمی کو بھرتی کرنے کا کہا، ڈی ایچ او صاحب نے کہا کہ جی اس کو میں بھرتی نہیں کر سکتا، میرے پاس آٹھ سیٹیں ہیں اور یہ اٹھائیسویں نمبر پہ ہے میرٹ پہ، تو میں میرٹ کی Violation نہیں کر سکتا۔ تو موصوف نے کہا کہ تم جگہ پسند کرو، انہوں نے کہا جی، آپ نے ہٹانا ہے، آپ جہاں بھیجتے ہیں بھیج دیں۔ آج ان کا بھی ٹرانسفر آرڈر ہو گیا اور یہاں یہ تین ناانصافیاں ہوئیں، وہاں پہ ایک اچھا کام بھی ہوا جو کل میرے بھائی نلوٹھا صاحب نے میری طرف سے نمائندگی کی، اس کا میں مشکور ہوں کہ ایک اچھے بلکہ دو اچھے افسروں کا آرڈر ہوا لیکن افسوس یہ ہے کہ چیف منسٹر صاحب نے آرڈر کیا لیکن اس کی Implementation ابھی تک نہیں ہوئی، اس کی Implementation ہو، کم از کم کہیں تو ہمیں امید کی کرن نظر آئے کہ یہاں پر انصاف بھی ہوتا ہے۔ تو جناب سپیکر، میری گزارش ہے کہ یہ تین ایشوز میں نے اٹھائے ہیں، یہ بار بار ہمیں اس پہ دلاسے دیئے گئے ہیں، تسلیاں دی گئی ہیں تو آج ہم واک آؤٹ نہیں کریں گے، ہم اجلاس سے بائیکاٹ کریں گے جب تک ہمیں انصاف کی فراہمی نہیں ہو جاتی۔ بہت شکریہ، جناب سپیکر، میں آپ کا بہت مشکور ہوں۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جاوید نسیم صاحب۔

<u>جناب جاوید نسیم:</u> مهربانی ډپټي سپيکر صاحب، مشکور یو۔ زه خو ټولو نه مخکښې دا وجیهه الزمان صاحب خبرې Endorse کوم جي او تائید کوم د هغوی د هغې خبرې۔ خومره چې زه څه موده تلے راغلے یم مانسهرې ته نو ما د هغه ځائې حالات کتلی دی نو که زما د پي ټي آئي حکومت هم دا وائی چې زه به میرټ باندې فیصلې کوم خو دا فیصله Totally غلطه ده جي، دا غفور ډي پي او چې کوم دے (تالیاں) ما اوسه پورې لیدلے هم نه دے، د هغه کارکردګی چې

څنګه وجیهه الزمان صاحب وائی، هم هغه رنګ ده جی۔ بله زه په دې نه پوهیږم چې زه دې ایوان کښې ناست یم، حکومت ما خپله حصه نه تسلیموی، بل یو ټرانسفر شوے دے زما د ټاؤن ون نه بلدیاتو، هغه هلک Honest دے، د هغه ایډمنسټریټر هم وائی چې دا ډیر Honest هلک دے، سب انجینئر دے، د هغه تعلق چې کومې پارټۍ سره هم وو، وو به خو ما ساتلے د دې پاره وو چې زما عوام ته ئے څه Deliver کولے شو هغه، نو منسټر صاحب د چا په وینا؟ یو عام د جماعت اسلامی ورکر ورته دهمکی ورکړې وه چې تا به تورغر ته بدلوم، تورغر ته، په دویمه ورځ د هغه آرډر وشو، ما ایډمنسټریټر ته اووئیل، هغوی وئیل چې دا نیک نام سړے دے دا خو نشی تلے نو زما دا ریکویسټ دے چې کوم Honest کسان دی، هغوی د په خپل خپل ځایونو ولګوی جی، په ښه ښه ځایونو، د حکومت بدنامی د نه کوی جی، او که دا سې وی نو زه دې له نه ووم راغلے، د دې چینج له زه نه ووم راغلے، ما وئیل زه به راځم، ما ته به انصاف ښکاری خو دا زما ریکویسټ دے، سیکرټری بلدیات کړے وی که چا هم کړے وی هغه، خو زیاتے ئے کړے دے ورسره۔ بل جناح کالج کښې یو جینئ ده، د هغې میرټ کښې نوم راغلے دے، میرټ باندې راغلې ده، هغې له ئے ایډمشن نه دے ورکړے، د هغې نمبرې، د هغې ثبوتونه هر څه ما سره دی چې دې جینئ ته ایډمشن ولې نه ملاویږی جی؟ مونږ خو د میرټ خبرې کوؤ خو دا میرټ باندې ولې نه ده شوې؟ زما خپل خورئے، دوه نمبرې ئے کمې وې، ضیاء الله آفریدی ګواه دے، ما وئیل زویه زه دا ایډمشن نه کوم ستا، ستا دوه نمبرې کمې دی نو زه وایم چې ما ته د انصاف ملاؤ شی، زما صوبه سرحد ته د انصاف ملاؤ شی جی۔ مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> *شکریہ جی۔ میں یوسف ایوب صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ ایک دو ممبران حکومتی جو ہیں، تو وہاں پہ اپوزیشن سے کوئی بات کر لیں تو بہتر ہوگا۔ جی، ضیاء اللہ صاحب۔ سکندر شیر پاؤ صاحب! آپ بھی ذرا تکلیف کر لیں تو۔*

(ایوان میں خاموشی)

<u>جناب طفیل انجم (پارلیمانی سیکرٹری برائے آبکاری و محاصل):</u> جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> *مسٹر طفیل انجم۔*

جناب طفیل انجم (پارلیمانی سیکرٹری برائے آبکاری و محاصل): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، ستاسو شکریه ادا کوم چې تاسو موږ ته وخت راکړو۔ ما ستاسو په نوټس کښې د نن نه دړې څلور روځې مخکښې یو خبره راوستې وه چې دلته کښې زمونږ د دې اسمبلۍ په سټاف کښې غفران صاحب ډپټي سیکرټري چې کوم دے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: میں معذرت چاہتا ہوں کہ 242 کے تحت اسمبلی سٹاف کے متعلق آپ یہاں پر اس طرح بات نہیں کر سکتے، بہر حال آپ کا جو معاملہ ہے، وہ Already ہم نے ڈسکس کیا ہوا ہے، اس پہ انشاءاللہ بات چیت شروع ہے، ان شاءاللہ بہت جلد Sort out کرلیں گے۔

جناب طفیل انجم (پارلیمانی سیکرٹری برائے آبکاری و محاصل): زه تاسو ته صرف دا خواست کوم چې په دې باندې د-----

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اس پہ قانون کے مطابق آجائیں پھر اس پہ بات ہو سکتی ہے۔

جناب طفیل انجم (پارلیمانی سیکرٹری برائے آبکاری و محاصل): ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ راشدہ رفعت صاحبہ۔

محترمہ راشدہ رفعت: شکریہ، جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! آپ کی توجہ دلانا چاہتی ہوں اس بات پر کہ کل کارروائی کے تقریباً اختتام پر ہمیں یہ بل ملا، دو بلز ہیں اور یہ دونوں مکمل اردو میں ہیں، آپ کی کارروائی میں، فرائض میں طے ہے کہ یہ اردو، انگلش اور پشتو میں دیا جائے گا اور ایجنڈا بھی جو ہمارے سامنے آتا ہے، وہ اردو میں بھی ہوتا ہے اور انگلش میں بھی ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، آپ کے اس ایوان میں، 124 کے ایوان میں کتنے لوگ ایسے ہیں جو اس غیر ملکی اور غیر قومی زبان پر عبور رکھتے ہیں اور اس بل کو پڑھ بھی لیں گے اور اس کو سمجھ بھی لیں گے اور اس کے مطابق آپ کو رائے بھی دیدیں گے؟ چند لوگ تو ہیں ایسے جو آپ کو باقاعدہ، باقاعدہ سمجھ کر اور اپنی رائے بھی دیدیں گے لیکن زیادہ تر ایسا نہیں ہوگا۔ پارلیمنٹ کے جتنے ممبران ہیں، سب کا حق ہے اس بات کا کہ آپ ان کو ان کی زبان میں وہ سہولیات بہم پہنچائیں جن کی ان کو ضرورت ہے۔ واقعات میں آتا ہے کہ حضرت علیؓ سے ان کی پارلیمنٹ کے ایک ممبر نے پوچھا کہ یہ کیا بات ہے کہ ہمارے ہاں بہت زیادہ انتشار ہے، بے چینی ہے، بدامنی ہے، یہ کیوں دور نہیں ہوتی اور ابھی حضرت عمرؓ کے زمانے میں تو بہت اچھے حالات تھے، خوشحالی تھی اور امن تھا اور ہم یہ انتظار ہی

کر رہے ہیں کہ کب وہ حالات آئیں اور آپ کے آنے کے بعد ہمیں بڑی امید تھی کہ ایسا ہو جائے گا، تو ایسا کب ہو گا، یہ تو بہت پرانے زمانے کی بات نہیں ہے؟ حضرت علیؓ نے اس کا جواب دیا، کہا کہ عمرؓ کو مشورے دینے والے ہم تھے اور ہمیں مشورے دینے والے آپ ہیں۔ حضرت علیؓ کی بات میں، جو آپؓ کی فہم و فراست ہے، آپؓ کا جو علم ہے، اس میں کسی کو کوئی شک نہیں ہے خواہ وہ کسی بھی طبقے یا کسی بھی فرقے سے تعلق رکھتا ہو۔ یہاں اس ایک جملے کی روشنی میں ممبران پارلیمنٹ کا کردار بہر حال واضح ہوتا ہے کہ جیسی ہی پارلیمنٹ ہو گی اور جیسی یہاں کے ارکان کی اہلیت ہو گی، اسی طرح کے حالات معاشرے میں نظر آئیں گے۔ معاشرہ ڈسٹرب ہے، پریشان ہے، بہت انتشار ہے، بدامنی ہے، منہگائی ہے، ہر طرح کے حالات، یہ آپ کے سامنے ہیں اور اسی طرح کے حالات گویا اس پارلیمنٹ کے ارکان کی اہلیت نہ ہونے کی وجہ سے یا اہلیت ہے اور اس اہلیت سے کام نہ لینے کی وجہ سے ہے۔ جناب سپیکر، ہم اور آپ یہاں پر سہولت دینے کیلئے ہیں ایک دوسرے کو، ایک دوسرے کا مقابلہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، اپوزیشن کے ارکان بھی بہر حال ہمارے ہم منصب ہیں اور ہم ان کے ساتھ ایک طرح کے اچھے انداز سے اور اچھے معاملات کے ساتھ گزارہ کرتے ہیں، یہ کہیں ہمارے اندر نہیں ہوتا کہ یہ اپوزیشن کے ہیں، ہماری اپنی لابی میں بھی ہماری دوسری بہنیں بھی ہوتی ہیں، ایسا نہیں ہوتا لیکن یہاں چونکہ یہ بات ہے کہ کچھ ہی عرصہ پہلے ایک ممبر پارلیمنٹ نے آپ کے سامنے رکھی تھی یہ بات، کہ یہ جو چیز آپ نے ہمیں دی ہے، اس کا اردو ترجمہ دیں تاکہ ہمیں سمجھ آئے کہ کیا بات کی جارہی ہے اور ہم اس کے مطابق رائے دیں۔ ایک تو یہ بات ہے کہ یہ اپنی زبان میں نہیں ہے، دوسری یہ بات ہے کہ چند گھنٹے ہیں اور کوئی اگر غیر ملکی زبان پر عبور بھی رکھتا ہو، انگلش پر بہت عبور رکھتا ہو پھر بھی وہ ان چند گھنٹوں میں اس کو سمجھ کر اس پر رائے نہیں دے سکتا اس لئے آپ اتنی مہربانی ضرور کریں، گزارش ہے آپ سے کہ آپ اس کے ترجمے فراہم کریں اور وقت بھی دیں تاکہ اپنی اہلیت کے مطابق یہاں بات کی جاسکے۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> یہ تمام اس وقت جو ڈیپارٹمنٹس یہاں موجود ہیں، میں ہدایت کرتا ہوں ان کو کہ یہاں پر ان کا یہ جو Valid point ہے تو اس کو اردو میں Translate کیا جائے اور Translate کریں ہمیشہ۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی (مشیر خوراک):</u> جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب قلندر لودھی صاحب۔

مشیر خوراک: جناب سپیکر، میں یہ کہنا چاہونگا کہ جو بھی ہمارا سیشن آتا ہے، اس میں ہماری اپوزیشن کی طرف سے یہ مطالبہ زور پکڑتا جارہا ہے، ڈیڈک کی چیئرمینی کے بارے میں بات ہو رہی ہے اور اس کے بعد پھر سٹینڈنگ کمیٹیز کے بارے میں، تو جہاں تک سٹینڈنگ کمیٹیز کی بات ہے، وہ تو ہر کوئی، ممبر صاحبان بھی بات سمجھتے ہیں اور میں نے کل بھی بات کی تھی، وہ تو Depend کرتا ہے سپیکر پر، آپ پر کرتا ہے کہ ان کے پارلیمانی لیڈرز کو، اپوزیشن لیڈرز کو بٹھا کر کوئی بات آپ نے کی ہے یا اس میں کیوں التواء ہے؟ جب ایک چیز کو کرنا ہے اور اس گورنمنٹ کا منشور بھی یہی ہے کہ In time سب کچھ کرنا ہے اور انصاف دینا ہے تو پھر اس میں چیئر کی طرف سے مداخلت ہونی چاہیے۔ اگر گورنمنٹ کی طرف سے بھی کچھ کمی آرہی ہے جبکہ کل بھی آنریبل چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے تھے، وہ تو بہت بڑے پارلیمنٹرین ہیں اور بہت اچھی سلجھی ہوئی بات بھی کرتے ہیں لیکن ان کو شاید ٹائم نہیں ملا تھا کہ وہ اس بات کر کلیئر کرتے لیکن یہ ہے کہ یہ ایک چیز جب ہونی ہے تو اس پہ ایک Decision لے لیا جائے اور ایوان کو بتادیا جائے تاکہ روزانہ جو اپوزیشن کے دوستوں نے ایک مطالبہ دیا ہوا ہے، روز ہی کھڑا کر دیتے ہیں تو اس میں بہتر یہ ہے جی کہ یہ ان کی دلجوئی کیلئے تو نہیں ہے، یہ تو اگر ان کا حق بنتا ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن کا حق ہے، اب چونکہ وہ اس پارلیمان کے، اس august House کے وہ بھی ممبرز ہیں، اسی طرح سے Elect ہو کر آئے ہیں تو اب میرے خیال میں کچھ آپ کی طرف سے اس قسم کی رولنگ یا آپ کی کچھ ایسی مداخلت، کوشش ہو جائے تاکہ یہ اگر آج نہیں تو کل اگر ہمارا سیشن ہے یا اسی سیشن کے دوران اس کا کوئی فیصلہ ہو جائے تاکہ یہ روزانہ بجائے اس کے ہم کوئی بزنس کریں، ہمارے لوگوں نے جو ہمیں Elect کیا ہے، صوبے کے کیا حالات ہیں، دہشتگردی کہاں جارہی ہے اور بہت سارے مسئلے ہیں، بلز ہم لیکر آئے ہیں، اس پر کیا ہوگا؟ تو ان ساری باتوں کیلئے ہمیں ٹائم تب ہی ملے گا جب ہم Unite ہونگے اور ایک بات کر کے، روزانہ وہی ایشو لے آئیں اور روزانہ اسی پر بات ہو اور پھر میرے اپوزیشن والے بھائی بھی اگرچہ میں نے کل بھی ریکویسٹ کی تھی کہ بجائے اس کے کہ آپ ہر چیز کو ہاؤس میں لاتے ہیں اور پھر اس پر ڈیبیٹ کرتے ہیں، وہ آپ کا حق ہے لیکن اگر آپ کا اپوزیشن لیڈر اور آپ کا پارلیمانی لیڈر یہ دونوں باتیں Settle کرتے سپیکر کے ساتھ اور چیف منسٹر کے

ساتھ تو میرے خیال میں بڑے احسن طریقے سے یہ مسئلے حل ہو جاتے اور بیٹھ کر ہو جاتے، پہلے بھی میں دس سال اپوزیشن میں بیٹھا ہوں، پارلیمانی لیڈر بھی تھا، جو بھی چیف منسٹرز تھے، ہم ہمیشہ ان کے پاس پانچ چھ آدمی جو پارلیمانی لیڈرز تھے، اپوزیشن لیڈر جا کر بیٹھ جاتے تھے اس کے ساتھ، ڈیویلپمنٹ کاموں تک ہم اپنا حصہ لیکر ان سے بات ہو جاتی تھی۔ تو یہ میری ریکویسٹ ہے ہاؤس سے بھی اور آپ سے بھی کہ یہ وقت ہمارے صوبے پہ کیسا ہے اور جب بھی سیشن آتا ہے، ہم اسی ایک مسئلے کو لیکر بیٹھ جاتے ہیں، دو، ڈیڈ ک کی چیئرمینی ہے یا سٹینڈنگ کمیٹیز ہیں تو اس لئے میری اس کے Solution کیلئے چیئر سے ریکویسٹ ہو گی کہ آپ کسٹوڈین ہیں، آپ مداخلت کر کے یہ کریں تو اس سے شاید ہاؤس میں بہتری آجائے۔ شکریہ، جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب۔

جناب فضل الہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): جناب سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب۔

جناب فضل الہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): دا مائیک لږ آن کړئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: عبدالحئ صاحب۔

جناب فضل الہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): شکریه، جناب سپیکر صاحب۔ ستاسو توجه یو اهم ایشو ته راګرځول غواړم، هغه دا ده چې-----

(عصر کی اذان)

(اذان کے دوران حزب اختلاف کے اراکین ایوان میں واپس تشریف لے آئے)

جناب فضل الہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): جناب سپیکر صاحب! تاسو ته چې څنګه معلومه ده چې د اختر ورځې دی، په دیکښې زمونږ په پشاور کښې، د ښار کښې پشاور کښې یو ډیر ظلم روان دے او هغه ظلم دا دے جی چې هر کله غټ اختر راځی نو په هغې دوران کښې تاسو ته پته ده چې په هر یو کلی کښې او هر یو علاقه کښې د قربانۍ د پاره څناور عوام اخلی او راولی او تاسو ته دا هم معلومه ده چې دا څناور د پنجاب نه راځی۔ دلته دا Trend شروع شوے دے جی چې څنګه پشاور د ښار کښې ته رادننه شی نو د غریب عوامو سره ظلم شروع شی او په هغې باندې تاسو وګورئ سر عام چې دے، په هغې باندې کرپشن شروع دے۔ زه

به دا اوو ایم چې ما یو ډیپارټمنټ ته Application ولیکلو چې یره دا خلق غلط کار کوی، کرپشن کوی، البته هغه ډیپارټمنټ والا د هغوی نه ډیمانډونه شروع کړل، نو دا سې به مونږ نه کوؤ چې مونږ څه غواړو او د هغې په ځائې دلته مونږ ته ملاؤ شی۔ نو جناب سپیکر صاحب، زه دا درخواست کوم چې د دې ډیپارټمنټ د پاره لائیو سټاک محکمه چې کومه ده، شته دے نو مهربانی وکړئ چې څومره بارډر لائنز دی که هغه افغانستان سائډ ته ځی او که بل سائډ ته ځی نو مهربانی د وکړی چې سپیشل د دې د پاره د یو پروګرام جوړ کړے شی او د غریبو سره د ظلم بند کړے شی دا سې نه وی چې څنګه پشاور ته Enter کیږی او هر یو ګاډی نه پیسې وغواړی او زرهٔ او پینځه زره او د غسې د هغوی نه رشوت پولیس والا اخلی نو مهربانی د وکړی چې دیکښې تاسو بالکل آرډر جاری کړئ چې دا اختر پورې چې کوم دے مهربانی د وکړی، د دې پولیس د څناورو سره کار نشته، د دې لائیو سټاک سره دے، هغوی د ورته چیک پوسټونه جوړ کړی او باډر باندې د ورته جوړ کړی چې په بنار کښې د ننه دا زمونږ عوامو سره ظلم دے او دا مونږ په هیڅ صورت باندې نشو برداشت کولے۔ شکریه، تهینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب۔ جناب یوسف ایوب صاحب۔

جناب یوسف ایوب خان (وزیر مواصلات و تعمیرات): شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں تمام اپوزیشن کے ممبران کا سب سے پہلے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جی۔ سکندر خان اور میں گئے تھے، ان کو ریکویسٹ کی، انہوں نے بائیکاٹ ختم کیا جی۔ کچھ پرابلمز وجیہہ الزمان صاحب نے پوائنٹ آؤٹ کئے تھے اور حقیقت یہ ہے کہ چونکہ یہ ٹرانسفرز مختلف محکموں میں ہوتے ہیں، ہمیں Offhand information نہیں ہوتیں، چونکہ میرا Concerned Department نہیں ہے، سکندر شیر پاؤ صاحب ہیں، ان کا Concerned Department نہیں ہے اور یہ ڈی پی او مانسہرہ، میں تھوڑا سا اس پہ بریف کر دوں کہ ڈی پی او مانسہرہ کو نہ ہی کسی شکایت کی وجہ سے ہٹایا گیا، نہ ہی اس کی Incompetence کی وجہ سے ہٹایا گیا ہے، اس کو Elevate کیا گیا ہے ایک جونیئر ایس پی کی پوسٹ سے ایک آر پی او کی پوسٹ ڈیرہ اسماعیل خان میں، ابھی یہ اطلاع بھی ملی ہے کہ مانسہرہ کے لوگ اس پر بڑے مایوس ہیں بلکہ شاید کوئی جلوس ملوس بھی نکال رہے ہیں کہ ایک اچھا آفیسر تھا، ایک بہت اچھا زبردست قسم کا کام کر رہا تھا، اس کو رہنا چاہیے تھا ادھر لیکن دیکھا جائے

تو ایک جونئیر آفیسر کو Elevate کیا گیا، اس کو Upgrade کیا گیا کیونکہ Normally کسی ایس پی کو اٹھا کر آر پی او تب ہی بناتے ہیں کہ اس کی پرفارمنس بہت اچھی ہو لیکن آپ کی یہ Concern، چونکہ یہ ہوم منسٹری کے ساتھ آتا ہے اور یہ Purely چیف منسٹر کے ساتھ ہے، میں Being a Minister یا کوئی اور ممبر اس پر ہم کوئی Comments پاس نہیں کر سکتے لیکن آپ کا یہ Concern جو ہے اور مانسہرہ کے لوگوں کا Concern جو ہے، وہ آج ہی ان شاءاللہ چیف منسٹر تک ضرور پہنچایا جائیگا۔ اس چیز کی میں ایشورنس آن دی فلور آف دی ہاؤس دیتا ہوں۔ Secondly ڈیڈک کی بات کی، چونکہ پرائم منسٹر صاحب آج غالباً آئے ہوئے ہیں، چیف منسٹر بھی ادھر ہاؤس میں نہیں ہیں، خدا کرے کہ چیف منسٹر بھی اسی سیشن میں آجائیں تو اسی سیشن میں مولانا صاحب بھی ہیں، بابک صاحب بھی ہیں، وجیہہ الزمان صاحب، شاہ صاحب جو پارلیمنٹری لیڈرز ہیں، بیٹھ کر بات کر لیتے ہیں آمنے سامنے، جو بات ہوگی آپ کے سامنے آجائیگی، اس چیز کی میں ایشورنس آپ کو دے سکتا ہوں۔ باقی وجیہہ خان نے بات کی ڈی ایچ او کی، بات یہ ہے جی، ہر چیز Mala fide intent پر نہیں ہوتی، ہر سرکاری ملازم کو اپنی مرضی اور اپنی Choice کی پوسٹ نہیں مل سکتی، حکومت کی اتنی Discretion ہوتی ہے کہ اگلے کی پرفارمنس دیکھے، اگر وہ صحیح Perform کر رہا ہے تو وہ چلتا رہتا ہے، اگر صحیح پرفارمنس نہیں دے سکتا تو حکومت کی یہ Discretion ہے اور یہ اختیار ہے کہ اس کو بدلا دے۔ وجیہہ خان! میں پرسنل وہ نہیں کرتا لیکن جو ایک چیز دی جا رہی ہے کہ جی کسی ذاتیات کی وجہ سے، ذاتیات کی وجہ سے ہم کوشش کرتے ہیں کہ ادھر کوئی کام نہ کرے اور اس کو Discourage کرتے ہیں۔ یہ دو تین چیزیں تھیں، ڈی پی او کی اور ڈیڈک کی، یہ آج ہی ہم کوشش کریں گے، اگر آج چیف منسٹر نہ آیا تو کل کے سیشن میں آئیگا اور یہ آپ جو چاروں پارلیمنٹری لیڈرز ہیں اور چیف منسٹر، ہم بھی ساتھ ہونگے، بیٹھ کر آپ ڈسکس کر لیں۔ میں اس پوزیشن میں نہیں ہوں کہ میں ادھر کوئی اعلان کروں کہ جی ہم ڈیڈک کو سارا چینج کر رہے ہیں یا کوئی نئے لوگ بنائیں گے یا نہیں بنائیں گے؟ میں Honestly speaking اس پوزیشن میں نہیں ہوں، یہ چیف منسٹر کی Discretion ہے، جب تک چیف منسٹر خود Decide نہیں کریگا، اس میں میرا خیال ہے نہ صرف میں، بلکہ پورے ہاؤس میں جتنے لوگ بھی، جتنے منسٹرز بیٹھے ہیں، ہم Comments نہیں کر سکتے۔ شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، یوسف ایوب صاحب۔ میرے خیال میں ایجنڈے پر آجاتے ہیں۔ جی وجیہہ الزمان صاحب۔

جناب وجیہہ الزمان خان: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا بڑا مشکور ہوں، آپ نے میری حوصلہ افزائی کی اور میں اپنے بڑے بھائی یوسف صاحب جن کا میں دل سے بڑا احترام بھی کرتا ہوں، میں بڑا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جی کوئی اچھا آفیسر ہوتا ہے تو اس کو سراہا جاتا ہے، اس کے سراہنے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ پھر اس کی تصویر موٹروے پر لگادی جاتی ہے۔ ہم نہیں چاہتے کہ کوئی اچھا افسر رہ گیا تو اس کی تصویر بھی موٹر وے کی اوپر لگائی جائے جس طرح کے ہمارے جو سات آٹھ قیمتی Asset تھے، انکی تصویریں وہاں پر لگائی ہوئی ہیں، تو اگر وہ ایک جگہ Deliver کر رہا ہے اور لوگ مطمئن ہیں تو اس کو وہاں رہنا چاہیے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: صحیح بات ہے۔

جناب وجیہہ الزمان خان: کیونکہ وہ قوم کا ملازم ہے، عوام کا ملازم ہے اور عوام کی ڈیمانڈ پر وہ وہاں پر رہنا چاہتا ہے، تو یہ میری گزارش ہے اور دوسری جو میں نے ڈیڈک کی بات کی ہے، وہ میں نے یہ نہیں کہا کہ آپ اپنی مرضی، آپ بیشک خاتون کو لگائیں لیکن Elected کوئی ممبر وہاں سے لگائیں تاکہ ہم کہہ سکیں کہ یہ پارٹی کا Elected Member ہے، اب وہاں پر پی ٹی آئی کی ایک بھی سیٹ نہیں ہے، آپ پشاور کی سیٹوں پر، آپ Reserved seats لگاتے ہیں تو ہمیں لوگ کہیں گے کہ جی ہم نے مردوں کو ووٹ دیئے تھے، یہ اس قابل نہیں تھے، وہاں پر ایک مرد بھی ایسا نہیں تھا کہ وہاں پر یہ ڈیڈک کا چیئرمین بن سکتا؟ تو وہاں پر خاتون کو منسٹر بنائیں، ہماری بہن ہے، ہمارے لئے قابل احترام ہے، ان کو آپ ایڈوائزر بنائیں اپنے ساتھ، لیکن ہماری سیاست میں آکر، اس میں Involve کرکے تو انصاف کی دھجیاں نہ اڑائی جائیں۔ بہت مہربانی، جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب سپیکر صاحب! جو وجیہہ خان نے بات کی ہے، میں ایک چیز کلیئر کردوں جی کہ جتنی خواتین اپنے اپنے Respective districts میں ڈیڈک کی چیئرپرسن لگی ہیں، Reserved seats پہ وہ ضرور آئی ہیں لیکن وہ اسی Respective districts کی خواتین ہیں، یہ نہیں کہ پشاور کی

کوئی عورت ہم نے مانسہرہ میں لگادی ہے یامانسہرہ کی کوئی خاتون ممبر ہم نے لکی مروت میں لگادی ہے، انکے ڈومیسائل ان Respective districts کے ہیں لیکن ساتھ ساتھ چونکہ ادھر پریس والے بھی بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اتنی بے انصافی وجیہہ خان، One sided بات آن دی فلور آف دی ہاؤس، اپوزیشن کے لوگ بھی ڈیڈک چیئرمین ہیں، ٹانک کے چیئرمین جو ہیں، وہ اپوزیشن بنچز سے تعلق رکھتے ہیں، تورغر کے جو ڈیڈک کے چیئرمین صاحب ہیں، وہ اپوزیشن سے تعلق رکھتے ہیں، بٹگرام کے ہمارے بھائی جو ہیں، اپوزیشن بنچز میں ہیں، وہ ڈیڈک کے چیئرمین ہیں، تو یہ نہیں کہ سارا کچھ اس طرف ٹریژری کے پاس ہے، اس میں اپوزیشن کا حصہ بھی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: لطف الرحمان صاحب۔

مولانا لطف الرحمان: جناب سپیکر صاحب! یوسف ایوب صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہم نے لکی میں جو ڈیڈک کمیٹی کی چیئرمین بنائی ہے، وہ لکی کی ہے۔ وہ لکی کی رہنے والی نہیں ہے جی، اس کی جہاں شادی ہوئی ہے، وہ وہاں کی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جی جناب سپیکر صاحب، شکریہ آپ کا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ تین دن ہو گئے ہیں کہ اس بات پر بحث چل رہی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ ہاؤس سب کا ہاؤس ہے اور اس ہاؤس میں ہم سب جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ سب لوگ Elected لوگ ہیں، اس میں ہم کوئی بھی Selected اور Elected کی بات کی طرف نہیں جارہے ہیں لیکن کل جو شاہ فرمان صاحب نے جب بات کی ہے، انہوں نے کہا ہے کہ تین دفعہ میں چیف منسٹر صاحب کو Remind کروا چکا ہوں اس ڈیڈک کے حوالے سے اور جناب سپیکر صاحب، میں یہ سمجھتی ہوں، پہلے بھی میں نے کل بھی بات کی ہے یہ وہاں کے حالات کے بارے میں یا وہاں واقعات کے بارے میں یا وہاں پر Ground کے بارے میں، بہت سی ایسی خواتین ہیں کہ جو شادی کرنے کے بعد جاکر دوسرے شہروں بس جاتی ہیں، ان کو ان حالات کا کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ کہاں پر ڈیویلپمنٹ کرنی ہے، کہاں پر نہیں کرنی ہے، کہاں پر ہوئی ہے، کہاں پر نہیں ہوئی ہے؟ تو جناب سپیکر صاحب! یہاں پر ہمارے مرد حضرات جو ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ جو تین خواتین ہیں، آپ ان کو پارلیمانی

سیکرٹریز بنا دیں،وہ بھی Elected لوگ ہیں، Elected عورتیں ہیں، میں یہ بات کرتی ہوں کہ Elected عورتیں ہیں لیکن بات یہ ہے کہ ان کو پارلیمانی سیکرٹری بنادیں،ان کو پارلیمانی ایڈوائزر بنادیں لیکن میری بہنیں وہاں سے اٹھتی ہیں اور وہ بار بار کہتی ہیں کہ میں نے مانسہرہ کا چھ دفعہ دورہ کیااور وہاں پر On ground کچھ نہیں ہے،اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ پچھلی گورنمنٹ کو Criticize کررہی ہیں اور وہ یہ کہہ رہی ہیں کہ جی کام کچھ نہیں ہوا،اگر ان کو کام لاکر بتادیا جائے،.This is not the way کہ آپ مردوں کو Criticize کرنے کیلئے یہ کہہ دیں کہ وہاں پر On ground کام نہیں ہوا۔ان لوگوں کے دور میں،انکی بہن جو ہے،وہ وہاں پر تھیں اور انہوں نے بہت سے کام کئے ہیں،انہوں نے Bridges بنائے ہیں،انہوں نے وہاں پر سڑکیں بنوائی ہیں،یاسمین ضیاء کو میں یہاں سے خراج تحسین پیش کرتی ہوں لیکن آپ تواسلام آباد میں رہتی ہیں،آپ تواسلام آباد میں رہتی ہیں،آپ کو وہاں کے Grounds کا کیا پتہ ہے؟ تو جناب سپیکر صاحب،میری ریکویسٹ ہوگی کہ پارلیمانی سیکرٹری بنادیں،ایڈوائزر بنادیں، تین مرد قربانی دیکر ان کو منسٹر بنادیں،چونکہ Elected لوگ ہیں،میں سمجھتی ہوں خواتین بھی اسی ہاؤس کی Elected Members ہیں،تو اس سلسلے میں میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: محترمہ زرین ریاض،زرین ریاض۔مائیک آن کریں۔

<u>محترمہ زرین ریاض</u>: میں سب سے پہلے تو یہاں پر یہ کلیئر کردوں کہ یہاں پر میں کسی رشتے کو نہیں Represent کررہی ہوں،Personal explanation call پر میں ان سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہاں پر میں صرف تحریک انصاف کو Represent کرتی ہوں اور میں ان کے حوالے سے جواب دونگی، یہاں میں رشتے نبھانے نہیں آئی اور جن ایم پی اے کا یہ ذکر کررہی ہیں (تالیاں) جن ایم پی اے کا جناب سپیکر! ہماری محترمہ ذکر کررہی ہیں تو میں مناسب سمجھونگی کہ انکے پچھلے دور کے منسٹر صاحب، یہاں پر سردار حسین بابک صاحب بیٹھے ہوئے ہیں،میں یہ چاہونگی کہ انکے بارے میں یہ ان سے پوچھے تو وہ بہتر جواب دے سکتے ہیں۔ (تالیاں) اور جہاں تک جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

محترمہ زرین ریاض: مجھے دو منٹ موقع دیجئے، دو منٹ مجھے موقع دیجئے، ہمارے معزز پارلیمانی لیڈر جمعیت نے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی یوسف ایوب صاحب، پلیز۔

محترمہ زرین ریاض: Excuse me, janab Speaker، مجھے دو منٹ کا موقع دیجئے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یوسف ایوب، پلیز۔

محترمہ زرین ریاض: جناب سپیکر، مجھے دو منٹ کا موقع دیجئے، جناب سپیکر، میری پرسنل، میری ذات پر Attack ہوتا ہے تو وہ میں جواب دونگی۔۔۔۔۔

وزیر مواصلات و تعمیرات: جناب سپیکر! میں ریکویسٹ کرونگا، میں نے وجیہہ الزمان صاحب کے جو یہ تحفظات تھے، اس کا جواب دیدیا ہے، چیف منسٹر کے ساتھ میٹنگ کریں گے، میرے خیال میں اس ٹاپک کو ابھی ختم کرکے اپنے ایجنڈے پر آئیں تو ذرا ہاؤس کی Proceedings ہو سکے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں یہ ایک اعلان کرنا چاہتا ہوں، ضروری ہے۔

محترمہ زرین ریاض: جناب سپیکر! میں بات کرنا چاہتی ہوں، جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ پلیز، تشریف رکھیں جی، تشریف رکھیں جی، تشریف رکھیں۔ میڈیا کے تمام بھائیوں سے اطلاعاً عرض ہے کہ آپ کا کل جائز نکتہ جو انٹرنیٹ وغیرہ کے حوالے سے تھا، اس کے بارے میں میں اتنا بتاتا چلوں کہ اسمبلی سیکرٹریٹ نے عارضی طور پر لابی میں موجود کمپیوٹرز میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کر دی ہے اور اگر کوئی موبائیل یا لیپ ٹاپ سے چاہے تو ہم وائرلیس انٹرنیٹ بھی دے سکتے ہیں البتہ نیشنل اسمبلی کی طرح ہال سے باہر آڈیو اور ویڈیو کی سہولت وغیرہ کیلئے بات چیت جاری ہے۔ علاوہ ازیں World eye sight کے بارے میں اسمبلی سیکرٹریٹ میں کل تین بجے ماہرین ڈاکٹر تشریف لائیں گے، تمام اسمبلی سیکرٹریٹ اور ملازمین اور ایم پی اے صاحبان سے گزارش ہے کہ وہ اس کو کامیاب کریں اور خود اپنا معائنہ کرائیں۔ شکریہ۔ جی سردار بابک، پلیز۔

رسمی کارروائی

جناب سردار حسین: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا د ټرانسفر خبره چې تقریباً د کله نه دا حکومت راغلے دے نو مونږ اورو دا چې د پوسټنګز د پاره او ټرانسفر د پاره حکومت بهرحال دا خبره کوی، Repeatedly دا خبره کوی چې مونږ هغې د پاره به پالیسی جوړوؤ او د هغې پالیسئ د لاندې به پوسټنګز هم کوؤ، د هغې د لاندې به ټرانسفرز هم کوؤ او حقیقت سپیکر صاحب! د دې بالکل برعکس دے۔ بهرحال دا نن چې وجیهه خان هم کومه خبره رامخامخ کړه، د هغې نه علاوه په ټوله صوبه کښې زه دا وایم، دلته د میډیا ملګری هم ناست دی چې په انتقامی بنیادونو باندې ټرانسفرز روان دی او په یو ډسټرکټ کښې نه، او نه په یو ډیپارټمنټ کښې، په ټوله صوبه کښې او بیا ډیره زیاته د افسوس خبره دا ده چې پرون دلته چیف ایګزیکټیو صاحب صرف پینځه منټو له راغلو او هغه دا سټیټمنټ جاری کړو چې که تیر شوی حکومت د دې افسرانو په مرئ کښې رسئ اچلولې وے، زه په دې خبره باندې ډیر زیات افسوس په دې حواله هم کوم چې دلته کښې کوم ممبران دی، دلته که افسران دی،دلته کښې که ایمپلائز دی، دا که د دې صوبې پبلک پراپرټی ده نو د هغه خلقو خپل عزت نفس هم شته او بیا هغه خبرونه چې دی، هغه د نیشنل او د لوکل اخباراتو په فرنټ پیج باندې او په بیک پیج باندې ولګی، سوچ نن دې خبرې ته پکار دے چې د هغه افسرانو فیملیز دا خبر ګوری، هغه فیملیز ته به دا خبره څنګه رسی؟ یوه۔ سپیکر صاحب، پرون دلته چیف ایګزیکټیو صاحب راغے او تاسو مونږ ته د دغه چیئر نه اووئیل چې د چا چا مسئلې دی، هغه اووایئ، وزیر اعلیٰ صاحب چې دے، هغه به جواب ورکوی او سپیکر صاحب! تاسو ګواه یئ چې پرون دلته آنریبل ممبرانو چې د چا په نظر کښې د دې صوبې په حواله باندې کومې کومې مسئلې وې، هغه پوائنټ آؤټ شوې، بیا تاسو د دې خبرې ګواه یئ چې زمونږ د دې صوبې وزیراعلیٰ صاحب یو منټ، یو لحظه مناسب ونه ګڼله چې د هغې جواب ورکړی۔ آیا که زه نن دا تپوس وکړم چې دا د دې ټول هاؤس استحقاق چې دے، دا مجروحه نشو؟ که دلته د یو ممبر استحقاق مجروح شی خو دا ټول هاؤس د هغې خلاف یو وی او پکار هم ده چې یو وی نو که نن د دې صوبې وزیر اعلیٰ د دې ممبرانو چې دا د کروړونو د لاکهونو خلقو نمائندګان خلق دے، هغوی مسائل راپورته کړی، وزیر اعلیٰ صاحب راشی

او د هغې جواب هم ورنکړی، دا څومره د افسوس خبره ده سپیکر صاحب، او زه د وزیرانو صاحبانو نه ګیله نه کوم، زما د هغوی په نیتونو باندې هم شک نشته، هغه غریبانان چې دی، هغوی بې اختیاره دی، بې اختیاره، د هغوی اختیار نشته، مونږ د هغوی قدر کوؤ، مونږ دلته اپوزیشن په بعضې مسئلو باندې واک آوټ وکړو، هغه منسټران صاحبان راشی او مونږ بیا دلته واپس راشو، دلته په فلور آف دی هاؤس باندې ایشورنس وشی او نن زما ملګرو هغه استحقاق بیا بیا راوړی دی چې په دې فلور آف دی هاؤس باندې د هغه طرف نه ایشورنسز شوی دی او بیا په هغې باندې عمل درآمد نه کیږی، مونږ دا هم ګڼو چې استحقاق در استحقاق دے او د ممبر نه د دې هاؤس استحقاق چې دے، در استحقاق چې دے، دا مجروحه کیږی۔ سپیکر صاحب، زمونږ تاسو ته دا خواست دے چې په دې رولنګ ورکړئ، دا یوه مسئله چې بیا بیا را پورته کیږی او بیا د هغه طرف نه دا خبره کیږی، زه بیا بیا دا خبره کوم چې دا زمونږ خویندې دی، مونږ د هغوی خلاف نه یو، مونږ خو Repeatedly دا خپل مؤقف دهراؤ کړے دے۔ پرون هم ورته مونږ دا خبره وکړه چې په کوم ځائې کښې اکثریت دے، هلته کښې که حکومت زنانه لګوی، ډیره زیاته غوره خبره ده، ډیره زیاته ښه خبره ده په دې حواله باندې چې په پختونخوا باندې دا الزام دے چې دوئ زنانوُ له هغه احترام نه ورکوی، مونږ په دې خبره ډیر زیات خوشحالیږو خو جمهوریت خو د نه پائمال کوی کنه، که په دې هاؤس کښې مونږ نن میجارټی تسلیموؤ، پکار دا ده که دا حکومت واقعی د جمهوریت علمبردار وی چې په هغه ضلعو کښې د هم د جمهوری اقدارو قدر وکړی او هغه جمهوری فیصلې چې دی، هغه عملی کړی۔ سپیکر صاحب! دا څلور میاشتې مونږ دا ډرامې وکتلې، نن به خلق خبره کوی چې مونږ سره اپوزیشن کوآپریشن نه کوی، چې نن دا حکومت اپوزیشن دیوال سره لګوی، دا نن فلور آف دی هاؤس باندې دا خبره کوم چې دا هاؤس چلول به هم ډیر زیات ګران شی، دا داسې خو نه ده کنه سپیکر صاحب چې دلته کوم ممبر پاڅی، کومه مسئله راپورته کوی، نه په سنجیدګئ سره عملی قدم په هغې اخستے شی، نه په هغې باندې ایکشن اخستے شی او بیا نوې نوې ډرامه به روزانه ګورې سپیکر صاحب، دلته پکښې نن نوټیفیکیشن وشی چې سمری به

منسټر ډائریکټ چیف منسټر له لیږی، مونږ خو حیران په دې خبره یو چې دا کومه Ground reality ده، سوچ پکار دے چې نن د یو ډیپارټمنټ نه سمری چیف سیکرټری له ځی، دا د دې د پاره ځی چې دا Vet شی، دا بیا د چیف سیکرټری ذمه داری وی چې هغه ئے لاء ته ولیږی، هغه ئے اسټیبلشمنټ ته ولیږی، هغه ئے ریګولیشن ته ولیږی، دا خو مشینری چې جوړه ده، دا د دې د پاره جوړه ده، که چا سره دا غم وی چې د حکومت اختیار نشته نو هغه خلق د په دې خبره ځان پوهه کړی چې د خپل اختیار ورته پته نه وی چې حکومت بااختیاره وی خو دا چینل دے ، دا چینل چې ماتیږی زمونږ په دې باندې هم تحفظات دی او په دې باندې هم مونږ د افسوس اظهار کوؤ۔ سپیکر صاحب! دا صوبه ده، دلته یو حکومت دے ، پکار دا ده چې دا حکومت د ضابطې د لاندې وچلیږی، مونږ اپوزیشن، که نن حکومت د دې صوبې یوه پهیه ده نو دا اپوزیشن بیا د دې صوبې بله پهیه ده، په یو پهیه باندې دا صوبه نه چلیږی، که په یو پهیه باندې دوئ حکومت چلولے شی مونږ ورله مبارکی ورکوؤ خو صوبه چې ده، دا په یو پهیه نه چلیږی، بله پهیه به ورسره یوځائې کوې هله به دا صوبه چلیږی۔ سپیکر صاحب! ستاسو ډیره مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ نماز کا وقفہ ہے، اس کے بعد ان شاءاللہ بات کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

Mr. Deputy Speaker: Mr. Azam Khan Durrani, MPA, to please move his privilege motion No. 13, in the House.

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر مشتاق غنی، پلیز۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: (جناب اعظم خان درانی، رکن اسمبلی سے) میں آپ سے معذرت کے ساتھ۔ سر، آج ایک افسوسناک دن ہے کہ جو زلزلہ ہوا تھا 2005ء میں، آج اس کی آٹھویں برسی ہے اور اس زلزلے میں کوئی 80 ہزار کے قریب لوگ جو ہیں، وہ جاں بحق ہوئے تھے اور چھ لاکھ کے قریب بے خانماں ہوئے تھے اور میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ تمام لوگ جو اس میں جاں بحق ہوئے، ان کیلئے

اجتماعی دعا بھی کی جائے لیکن اس سے پہلے میں اس ہاؤس کی طرف سے ایک میسج دینا چاہتا ہوں کہ وہ جو لوگ تھے جو اس میں جاں بحق ہوئے، ان کے لواحقین آج آٹھ سال گزرنے کے باوجود جناب سپیکر، وہ لوگ کھلے آسمان کے نیچے پڑے ہوئے ہیں۔ ہمارے کوئی ساڑھے پانچ چھ ہزار کے قریب سکول جو ہیں، کچھ تو زلزلے نے گرادیئے اور کچھ 'ایرا/ پیرا' نے گرادیئے، حالانکہ بعض سکول بہترین حالت میں تھے لیکن اس وقت ان کو بھی Reconstruction کے بہانے گرادیا گیا اور آج تک تقریباً ٹوٹل ڈھائی ہزار سکول جو ہیں، وہ نہیں بن سکے اور بچے ٹینٹوں میں کھلے آسمان کے نیچے سرد گرم موسم میں تعلیم حاصل کرنے پہ مجبور ہیں اور 502 بلین کی امداد آئی جناب والا، اور اس کو ایسے شیر مادر سمجھ کے اس 'ایرا/ پیرا' نے ہڑپ کیا اور وقت کے حکمرانوں کی کوئی نگاہ نہیں تھی اس کے اوپر، اور یہ پیسے یہاں سے منتقل بھی کئے گئے جناب سپیکر، پچھلے دور میں نوڈیرو بھی یہ پیسے گئے، ملتان بھی یہ پیسے گئے اور یہ کہا گیا کہ اگلے سال یہ واپس کردیئے جائیں گے لیکن آج تک وہ لوگ، آج بھی ٹی وی کے پروگرامز آپ دیکھیں تو ٹی وی پہ رو رہے ہیں، شور مچا رہے ہیں، حکومتی اداروں کی بے بسی کے اوپر 'ایرا/ پیرا' کے اس طرز عمل کے اوپر، اور میں یہ کہوں گا جناب سپیکر کہ یہ ایوان مشترکہ طور پہ فیڈرل گورنمنٹ سے یہ مطالبہ کرے کہ یہ جو 'ایرا/ پیرا' ہے، اس کو ختم کرے اور ہمارے حصے کے جو پیسے بنتے ہیں، اس میں ایبٹ آباد، اس میں مانسہرہ، اس میں بٹگرام، اس میں کوہستان، اس میں شانگلہ، یہ سارے اضلاع شامل ہیں جو متاثر ہوئے تھے اور انہی کا پیسہ ہے اور انہی کی Reconstruction کیلئے وہ آیا ہوا تھا لیکن آج تک وہ ہمیں نہیں مل سکا۔ 'ایرا/ پیرا' اپنے غیر ضروری اخراجات اور گاڑیاں اور ملازمین، سات دفاتر ڈی آر یو کے ایبٹ آباد میں بنے ہوئے ہیں جناب والا! اور ان کے اوپر Heavy expenditure آتا ہے۔ میری یہ تجویز ہے کہ یہ ایوان یہ مطالبہ کرے متفقہ طور پہ وفاقی حکومت سے کہ 'ایرا/ پیرا' کو ختم کرے اور ہمارے پیسے ہمارے صوبے کے حوالے کرے۔ جس طرح Transparent اور شفاف پالیسی ابھی بنائی گئی ہے، اگر یہ فنڈ ہمیں مل جائے اور اس پہ ہم عمل کریں تو ہم ایک سال کے اندر یہ سارے مسئلے حل کرسکتے ہیں اور میری یہ گزارش تھی کہ ایک تو ان لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے اور ان کی مغفرت کیلئے اجتماعی دعا بھی کی جائے اور یہ مطالبہ بھی ہمارا جو ہے، فیڈرل گورنمنٹ تک پہنچایا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا عصمت اللہ صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ تمام شہداء کیلئے دعا کریں۔ مولانا عصمت اللہ صاحب دعا کریں، مولانا عصمت اللہ صاحب، پلیز۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: مسٹر قلندر خان لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی (مشیر خوراک): جناب سپیکر! واقعی آٹھ تاریخ کا جو واقعہ تھا، وہ بڑا ہی ہولناک واقعہ تھا، اکتوبر کا، تو آج اس پر مشتاق غنی صاحب نے بات کر دی ہے، میں اس کی Repetition میں نہیں جاؤنگا۔ اب جو مسئلہ ہوا ہے، وہ یہ ہے کہ 'ایرا/ پیرا' بند ہو چکا ہے، چٹھیاں آگئی ہیں صوبائی گورنمنٹ کو بھی اور سب ڈیپارٹمنٹس میں، انہوں نے Criteria یہ بنایا ہے کہ جو 70% and above جو کام ہوئے ہیں، ان کو وہ ختم کریں گے، وہ انہوں نے In hand رکھے ہوئے ہیں، باقی جو کام ہیں، As it is ان کو انہوں نے چھوڑ دیا ہے اور اگر وہ ہمیں فنڈ کے ساتھ یہ کام نہیں کریں گے، تو صوبائی گورنمنٹ کو یہ کام آجائیں گے، ساری Liability صوبے کی بن جائے گی۔ اگر فیڈرل گورنمنٹ وہ فنڈ ہمیں نہیں دے گی تو ہم پورے آئندہ دس سال میں بھی یہ جو کھربوں روپے ہیں، یہ ہم نہیں پورے کر سکیں گے، یہ سارا صوبہ محروم رہ جائے گا اور ان لوگوں کو بھی تو آپ نے بسانا ہے، تو اس لئے فیڈرل گورنمنٹ سے ہم مطالبہ کرتے ہیں، چاہے اس کو آپ قرارداد کی شکل میں ہمیں اجازت دیتے ہیں کہ وہ یہ جو 'ایرا/ پیرا' کو ختم کرکے جو شفٹ کرے گی صوبے کو تو With fund شفٹ کرے کہ اس کے جو فنڈز ہیں، اس سے پہلے جتنے کام رہ گئے ہیں، 70 پرسنٹ والے کام کو Complete کرتے ہیں، باقی جو کام رہ گئے ہیں، جن پر 5% کام ہوا ہے، جن پر بالکل کام نہیں ہوا ہے لیکن ٹینڈرز ہو گئے ہیں، انہوں نے ٹینڈر پر ورک آرڈر ایشو کرنا تھا، ان کے پیسے بھی اور وہ جو ان کی لسٹوں میں آئے تھے، یہ چھ سات ہزار جتنے بھی سکول اور روڈز ہیں، یہ سب کے وہ ہمیں دے ورنہ اس صوبے پر ایک اور بہت بڑا Burden پڑ جائے گا اور بڑی مایوسی ہو جائے گی، تو اس لئے جناب سپیکر! میں اس ہاؤس کے Through یہ سب کے علم میں لانا چاہتا تھا اور آپ کی وساطت سے صوبائی گورنمنٹ سے بھی یہ ریکویسٹ ہے کہ جو بھی ان کی Liability ہے، تب اسے Accept کرے جب فیڈرل گورنمنٹ انہیں پورے وہ فنڈز، کیونکہ ہمارے جو فنڈز آگئے تھے، وہ فنڈز یہاں سے شفٹ

کئے گئے ہیں اور اس پر انکو Recap کر دیں گے، ابھی یہ Dump پڑے ہوئے ہیں تو ہمیں اس وقت کے وزیر اعظم /صدر جو بھی انہوں نے فیصلہ کیا، ہم دوسری جگہ پر ان کو لگاتے ہیں اور پھر وہاں کی ہماری 'فارن ایڈ' آئے گی تو ہم ان کو ادھر دیدیں گے، یا ہماری جو ابھی ایڈ آئے گی، انہوں نے ہمیں ابھی کل تک کچھ نہیں دیا اور یہ ساری محرومی اور ہمارے بچے اب تک باہر بیٹھے ہوئے آٹھ سالوں سے، اور کتنے سال ہم انہیں بٹھائیں گے جناب سپیکر؟ اور یہ صوبے کیلئے بہت ہی بڑا Burden بن جائے گا۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محمد علی شاہ باچا صاحب۔ محمد علی شاہ باچا۔

سید محمد علی شاہ: ډیره مهربانی، جناب سپیکر۔ مشتاق غنی صاحب چې کومه خبره وکړه د نوښهیرو خبره ئے پکښې وکړه او د ملتان جی، نو زه دوئ ته دا ریکویسټ کوم چې دا د چا جیب ته خو پیسې نه دی تلی، یا د یو واضحه دغه وکړی چې یره د چا جیب ته تلی دی؟ خو یو سکیم باندې به لګیدلې وی یا به په یو پراجیکټ باندې لګیدلې وی نو کم از کم داسې خبره د نه کوی چې نوښهیرو ته پیسې لاړې او یا ملتان ته پیسې لاړې۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے 'پراپر' موشن آجائے، جو بھی ہے 'پراپر' موشن آجائے، اس پہ پھر بات کر لیتے ہیں، ان شاءاللہ۔ تھینک یو سر۔ سردار اورنگزیب، سردار اورنگزیب صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مشتاق غنی صاحب نے آج بہت اہم مسئلے کی طرف ایوان کی توجہ دلائی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! 8 اکتوبر 2005ء کو غالباً زلزلے میں یقیناً بے تحاشہ تباہی آئی تھی ہزارہ ڈویژن کے کچھ اضلاع میں اور مظفر آباد اور اس سارے علاقے میں، تو جو بات انہوں نے کی ہے جی کہ بالکل ایک متفقہ قرار داد آ گر آجائے اور جو فنڈ ہے، 'ایرا/ پیرا' کے حوالے سے بڑی تباہی ہوئی ہے، خرد برد ہوئی ہے اس فنڈ میں، وزیر اعظم صاحب نے ابھی اس کا نوٹس بھی لیا ہے اور اس میں انہوں نے ہدایت بھی کی ہے کہ اس 'ایرا/ پیرا' کو ختم کر کے جو حکومت کے ادارے ہیں، ان کے ذریعے ہم ترقیاتی کاموں کو آگے چلائیں گے، تو جو سکول خصوصی طور پر جن میں اب بھی بچے دھوپ میں اور بارش میں بیٹھے ہیں، سکولوں کی چھتیں نہیں ہیں، کچھ تو زلزلے میں تباہ ہوئے ہیں اور کچھ انہوں نے خود بلڈنگیں گرا کے تباہ و برباد کر دیا ہے سارا سٹرکچر، تو مہربانی کر کے اس کیلئے میں سمجھتا ہوں کہ ہم متفقہ

ایک قرارداد لے آئیں جو لوگ ممبران حضرات Affected علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں، اس میں ان کی دادرسی ہو جائے گی جو ہمارے بھائی اس میں متاثر ہوئے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مسٹر مشتاق غنی، پلیز۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! آپ ہمیں اجازت دیدیں، ہم بیٹھ کے قرارداد لکھ کے لے آتے ہیں اور پھر آپ سے Rules relax کرنے کی درخواست کریں گے تاکہ یہ متفقہ قرارداد ان لوگوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے بھی ہو جائے اور ساتھ یہ 'ایرا' کے جو فنڈز ہیں، صوبائی حکومت کو منتقلی کی بھی بات ہو جائے۔

مسئلہ استحقاق

Mr. Deputy Speaker: Thank you, ji. Come to the agenda, please. Mufti Said Janan, to please move his privilege motion No. 10, in the House. Motion No. 10, Mufti Said Janan, please.

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! یقینی طور باندې زه د دغه شی قائله نه یم چې خوک دلته کښې دغه راوړی خو بیا ځنې محکمې داسې وی چې هغه ځنې خلق هغې کښې داسې خلق ناست وی چې هغوی کښې قدر و عزت نه وی خو بیا هم منسټر صاحب عزتمند سړے دے، سیکرټری صاحب ئے ماته ئے اووئیل، یقین دهانی ئے راکړله، زه په هغې بنیاد باندې دا خپل تحریک استحقاق واپس اخلم۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Thank you, ji. Mr. Azam Khan Durrani, MPA, to please move his privilege motion No. 13, in the House. Azam Khan Durrani.

جناب اعظم خان درانی: شکریہ، سپیکر صاحب۔ جناب والا! اسمبلی کے گزشتہ اجلاس، مورخہ 16 ستمبر 2013 کو میں نے پوائنٹ آف آرڈر پر اسمبلی کے سامنے اپنی بے بسی اور حکومت وقت کی زیادتی کا تذکرہ کیا تھا کہ گزشتہ ضمنی الیکشن کے دوران میرے حلقہ نیابت PK-70، بنوں 1 میں چیف منسٹر صاحب کی ہدایت پر مختلف سکیموں کیلئے 26.700 ملین روپے کی منظوری دی گئی تھی لیکن افسوس کا مقام ہے کہ مذکورہ فنڈ جو اس وقت استعمال نہیں کیا گیا، اب غیر منتخب نمائندے کی ہدایت پر استعمال ہو رہا ہے جو کہ میرے ساتھ

بحیثیت منتخب نمائندہ سراسر زیادتی ہے۔اس ضمن میں جناب وزیر قانون اور جناب سپیکر صاحب نے میری دادرسی کرتے ہوئے مجھے یقین دہانی کرائی تھی کہ یہ آپ کا استحقاق ہے کہ مذکورہ فنڈ آپ کی وساطت سے استعمال کیا جائے۔مزید یہ کہ جناب سپیکر صاحب نے اس ضمن میں ڈپٹی کمشنر بنوں کو ہدایت بھی جاری کی تھی جو کہ بد قسمتی سے ردی کی ٹھوکری کی نذر ہوگئی کیونکہ جناب، میں نے مذکورہ ڈپٹی کمشنر ایاز خان وزیر سے اس ضمن میں رابطہ کیا تو انہوں نے بڑی دلیری اور ہتک آمیز انداز میں بتایا کہ میرے لئے اسمبلی اور سپیکر کی ہدایت کی کوئی اہمیت نہیں ہے، میں تو صرف وہی کرونگا جو کہ مجھے اوپر سے ہدایت کی جائے۔اس کے اس رویے سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب! تین ساړهې تین مهینې وشوې چې اسمبلی روانه ده، همیشه بار بار د کمیټیانو ذکر کیږی نو لا تر اوسه پورې کمیټی نه ده جوړه شوې۔ چې چرته مسئله راځی نو مونږ به ئے کمیټی ته حواله کړو نو دا Financial matters دی، داسې نه چې کمیټی یو کال بعد فیصله کوی نو دا پیسې خو به ختم شوې وی، نو دا زما توهین نه دے دا د دې سپیکر توهین دے، د دې اسمبلۍ توهین دے، که هغه د اپوزیشن ممبران دی او که د ټریژری بنچز دی، د دوئ ټولو استحقاق مجروح شوے دے۔ جناب سپیکر صاحب! ډپټی کمیشنر صاحب ته ما ټیلیفون وکړو، د هغوی دا الفاظ وو چې زه اسمبلی نه منم، زه سپیکر نه منم، زه ایم پی اے نه منم، که دوئ ما چرته وغواړی اسمبلۍ ته نو Well and good زه به ورځم، که ما هائی کورټ ته وغواړی نو زه به ورځم، نو سپیکر صاحب! د ایم پی اے څه حیثیت پاتې شو یا د دې اسمبلی څه حیثیت پاتې شو؟ چې دا اسمبلی یو ایکټ جاری کوی، د هغې لاندې ادارې راځی، هغه رولز جوړوی نو سپیکر صاحب! چې مونږ ایکټ هم جاری کوؤ، رولز هم جوړوؤ، قانون هم جوړوؤ او بیا د دې ایم پی ایز خبره هم نشی منلې نو دلته زمونږ چیف منسټر صاحب کښینی نو چې څوک هغه ته مسئله پیش کړی نو تاسو اسمبلی Adjourn کړئ نو حق خو دا وو چې پرون دوئ مونږ ته جواب راکړے وے د ډیډک په مسئله، ډیرې مسئلې دی، د دې خبرې په سلسله کښې پرون زما میټینګ شوے دے د چیف منسټر صاحب سره، هغوی ته ما خپله مسئله وړاندې

